**09.07.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

..............................................................................

☆ بھارت اور نامبیا نے صحت اور ادویات کے شعبے میں انٹرپرینورشپ ڈیولپمنٹ سینٹر قائم کرنے سے متعلق مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ نامبیا، حیاتی ایندھن کے عالمی اتحاد میں شامل ہونے اور UPI نظام کے آغاز پر راضی ہوگیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کو نامبیا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے نوازا گیا۔ جناب مودی نے نامبیا کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔

☆ گجرات حکومت نے وڈورہ میں پُل گرنے کی حادثے کی جانچ کے احکامات دیئے ہیں۔ اس حادثے میں 9 لوگوں کی جانیں چلی گئیں۔

☆ چورو میں بھارتی فضائیہ کے جنگی جہاز کو پیش آئے حادثے میں کورٹ آف انکوائری تشکیل دی گئی ہے۔ حادثے میں دو پائلٹوں کی موت ہوگئی تھی۔

☆ بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور وِدربھ میں بارش سے متعلق Orange الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور...... خواتین کرکٹ میں آج مانچیسٹر میں بھارت اور میزبان انگلینڈ کے درمیان چوتھا ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

☆ اور...... ومبلڈن ٹینس میں اِیگاشوانٹیک اور Belinda Bencic خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میچ جاری ہیں۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM Namibia Visit**

بھارت اور Namibia نے صحت اور ادویہ کے شعبے اور Namibia میں کاروباری ترقیاتی مرکز کے قیام نیز تعاون سے متعلق آج مفاہمت ناموں پر دستخط کئے۔ Namibia میں اِس سال کے اواخر میں ڈجیٹل ادائیگی کے نظام کے آغاز کا اعلان بھی کیا گیا۔ Namibia کے CDRI اور Global Biofuels Aliance میں شرکت کرنے کیلئے اقرارنامے بھی پیش کئے گئے۔ مفاہمت ناموں پر دستخط، Namibia کی راجدھانی Windhoek کے اسٹیٹ ہاؤس میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی اور Namibia کے صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کے درمیان وفود کی سطح کی بات چیت کے بعد کئے گئے۔

بعد میں وزیر اعظم مودی کو، باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے میں ، اُن کے تعاون کو تسلیم کرتے ہوئے، Namibia کے سب سے باوقار سویلین ایوارڈ Order of the Most Ancient Welwitschia Mirabilis سے نوازا گیا۔ وزیرِ اعظم نے Namibia کی سرکار اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔

SB - 2100 - PM Thanks

وزیرِ اعظم نے واضح کیا کہ بھارت اور Namibia اپنے اپنے جدوجہد آزادی کے وقت سے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ذریعے حاصل کیا گیا 27 واں اور اُن کے جاری دورے کے دوران چوتھا ایوارڈ ہے۔

وزیرِ اعظم مودی نے Namibia کی قوم کے بانی لیڈر Sam Nujoma کو Windhoek کے نیشنل میموریل Heroes Acre میں خراجِ عقیدت بھی پیش کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے Namibia کے صدر کے ساتھ بات چیت کے دوران بھارت - Namibia کے تعلقات کی تمام جہتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈجیٹل ٹیکنالوجی، دفاع ، سکیورٹی، زراعت ، صحت دیکھ بھال ،تعلیم اور اہم معدنیات جیسے شعبوں میں تعاون پر تبادلۂ خیال کے دوران خاص طور پر توجہ دی گئی۔ یہ وسائل سے مالا مال جنوبی افریقی ملک کا جناب مودی کا پہلا دورہ اور بھارت کے کسی وزیرِ اعظم کا Namibia کا تیسرا دورہ ہے، جو کہ تقریباً تین دہائیوں کے بعد ہوا ہے۔

اِس سے قبل صبح میں جناب مودی اپنے پانچ روزہ دورے کے آخری مرحلے میں یہاں پہنچے تھے۔ x

**PM Address**

وزیر اعظم نریندر مودی نے Namibia کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا اور افریقی عوام کو اپنی پہلی خاتون صدر منتخب کرنے کی ستائش کی نیز اِسے ایک تاریخی لمحہ اور جمہوری اقدار کو مستحکم کرنے کا ثبوت قرار دیا۔ بھارت کی صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کا حوالہ دیتے ہوئے، جو کہ اِس عہدے پر پہلی قبائلی خاتون ہیں، جناب مودی نے حاشیے پر رہنے والوں کو بااختیار بنانے سے متعلق آئینی جمہوریت کی طاقت پر زور دیا۔x

**Gujrat Bridge Collaapsed**

گجرات سرکار نے وڈودرا ضلعے میں Gambhira کے نزدیک آج صبح ایک پل کے منہدم ہونے کے واقعے کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے، جس میں 9 افراد ہلاک اور دیگر کئی زخمی ہوئے ہیں۔ ریاست کے وزیرِ اعلیٰ بھوپندر

پٹیل نے آج صبح پُل کے منہدم ہونے کے سلسلے میں حکام سے رپورٹ طلب کی ہے۔ اس حادثے میں پانچ گاڑیاں Mahisagar دریا میں جاگریں ، جس کے نتیجے میں 9 افراد کی جان چلی گئی۔ مقامی حکام نے فوری طور پر بڑے پیمانے پر بچاؤ کی کارروائیاں شروع کردی تھیں۔ x

## PM Bridge Collapse

وزیراعظم نریندر مودی نے گجرات کے وڈودرا ضلع میں ایک پل منہدم ہونے کے حادثے میں جانی اتلاف پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے مہلوکین کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی۔ وزیراعظم مودی نے وزیراعظم کے قومی راحت فنڈ سے لواحقین کیلئے فی کس دو لاکھ روپے نقد اور زخمیوں کو فی کس پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ x

## Rev Churu Plane Crash

بھارتی فضائیہ کے Jaguar Trainer طیارے کے گرکر تباہ ہونے کی وجہ معلوم کرنے کیلئے ایک عدالتی انکوائری تشکیل دی گئی ہے۔ یہ طیارہ معمول کے تربیتی مشن کے دوران حادثے کا شکار ہوگیا اور آج راجستھان میں Churu کے نزدیک گرکر تباہ ہوگیا۔ اِس حادثے میں دونوں پائلٹ ہلاک ہوگئے۔ شہری علاقے میں املاک کو کسی طرح کے نقصان ہونے کی کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوئی ہے۔ بھارتی فضائیہ نے جانوں کی زیاں پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اِس دُکھ کے وقت میں وہ پورے طور پر متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہے۔x

## Nadda Telangana

کیمیکلز اور کھادوں کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے تلنگانہ حکومت کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ریاست میں کسانوں کے جائز مطالبے کو پورا کرنے کیلئے ہر طرح کی مدد فراہم کی جائے گی۔ وزیر موصوف نے ضرورت کے مطابق یوریا کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے افسران کو ہدایت دی۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے کل نئی دلّی میں جناب نڈا سے ملاقات کرکے ریاست میں کھادوں کی دستیابی کے بارے میں بات چیت کی تھی۔ x

## Bihar Bandh - BJP

بہار میں، انتخابی کمیشن کی ووٹر لسٹ پر خصوصی نظرِ ثانی کے خلاف RJD - کانگریس کی قیادت والے عظیم اتحاد کے ذریعے آج ریاست گیر احتجاج کا ملا جُلا اثر دیکھنے کو ملا۔ بند کے حامیوں نے متعدد مقامات پر سڑکوں کو بند کیا اور ٹرینوں کو روکا۔ سینئر BJP لیڈر روی شنکر پرساد نے اِس احتجاج پر اپوزیشن پر تنقید کی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، جناب پرساد نے RJD - کانگریس کی قیادت والے عظیم اتحاد پر اِس معاملے میں سیاست کرنے کا الزام لگایا۔

SB - Ravi Shankar Prasad

## EC SIR Bihar

انتخابی کمیشن نے آج کہا کہ ووٹر لسٹ میں خصوصی نظرثانی کے تحت بہار میں ووٹروں کی سرگرم شرکت، انتخابی افسران کی انتھک کوششوں، رضاکاروں اور بوتھ سطح کے ایجنٹس کی بدولت 57 فیصد فارم جمع کئے گئے ہیں۔ اس مشق کے پہلے 15 دن میں سات کروڑ 90 لاکھ فارمس میں سے 4 کروڑ 53 لاکھ فارم جمع کرائے ہیں۔ کمیشن نے اعتماد

ظاہر کیا ہے کہ 25 جولائی کی مقررہ تاریخ سے پہلے ہی یہ کام مکمل کرلے گا۔ x

**ED-Donkey Route Case**

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ نے، ڈَنکی روٹ کیس کے سلسلے میں 11 مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں کی، جن کا تعلق اِس سال فروری میں امریکہ سے ملک بدر کئے گئے غیر قانونی تارکین وطن سے ہے۔ اِن مقامات میں امرتسر، سنگرور، پٹیالہ، موگا، امبالہ، کروکشیتر اور کرنال شامل ہیں۔ اِس معاملے میں تحقیقات کا آغاز، پنجاب اور ہریانہ کی پولیس کی جانب سے FIRs، درج کرانے کی بنیاد پر ہوا تھا۔ یہ FIRs، Travel اور ویزا ایجنٹ اور دلالوں کے خلاف درج کرائی گئی تھی، جنھوں نے امریکہ جانے کے خواہشمند مختلف افراد کو دھوکہ دیا تھا۔x

**J&K Amarnath Yatra**

امرناتھ یاترا شروع ہونے کے بعد سے 6 دن میں ایک لاکھ گیارہ ہزار سے زیادہ عقیدتمند اب تک امرناتھ گُپھا کا درشن کرچکے ہیں۔ گزشتہ کل 18 ہزار سے زیادہ عقیدتمندوں نے پوتر گُپھا کے درشن کیے۔

جموں وکشمیر کے LG منوج سنہا نے بتایا کہ پہلگام اور بالتل دونوں راستوں سے یاترا معمول کے مطابق جاری ہے اور آنے والے دنوں میں یاتریوں کی تعداد مزید بڑھنے کا امکان ہے۔

اس دوران سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان 7 ہزار 579 یاتریوں کا ایک اور جتھہ امرناتھ یاترا کیلئے آج بھگوتی نگر یاتری نِواس base کیمپ سے وادی کشمیر کیلئے روانہ ہوا۔x

**FATF- E Com**

دہشت گردی کی مالی اعانت پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے کہا ہے کہ بھارت میں ایک دہشت گردانہ حملے کیلئے ساز و سامان کی خریداری میں ای کامرس پلیٹ فارم کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس کا انکشاف 2019 میں جموں وکشمیر کے پلوامہ اور اترپردیش کے گورکھناتھ مندر میں ہوئے دہشت گردانہ حملے میں ہوا ہے۔ FATF نے دہشت گردی کی مالی معاونت کے خطرات سے متعلق ایک جامع رپورٹ میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا، پیغامات بھیجنے والے ایپلی کیشنز اور کراوَڈ فنڈنگ سائٹس جیسے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا دہشت گردی کی مالی معاونت کیلئے غلط استعمال میں اضافہ ہورہا ہے۔ اس رپورٹ میں براہِ راست مالی مدد، لاجسٹکس اور مادی مدد یا تربیت کی فراہمی جیسی کئی طرح کی معاونت کی اطلاع دی گئی ہے۔ x

**Russia - Ukraine Attacks**

یوکرین نے آج کہا کہ روس کی فورسز نے، ملک کے مغربی حصے کو نشانہ بناتے ہوئے، رات بھر کئے جانے والے حملوں کے دوران، تقریباً 750 ڈرونز اور میزائل فائر کئے۔ یوکرین کی فضائیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ 711 ڈرونز اور کم سے کم 7 میزائلوں کو مار گرایا گیا۔ اِس حملے میں یوکرین کے مغربی Volyn خطے کو اصل نشانہ بنایا گیا، جس کی راجدھانی Lutsk ہے اور جس کی سرحدیں پولینڈ اور Belarus سے ملتی ہیں۔ x

**US Court Trump**

امریکہ کی سپریم کورٹ میں صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو اُس وقت ایک اور کامیابی ملی جب عدالت نے ٹرمپ انتظامیہ کو وفاقی ملازمتوں میں کٹوتی کرنے کے اپنے منصوبے پر عمل کرنے کی اجازت دے دی۔

اِس فیصلے نے نچلی عدالت کے اُس فیصلے کو پلٹ دیا ہے، جس میں ملازمین کو عارضی یا مستقل طور پر ملازمتوں سے فارغ کرنے پر روک لگا دی گئی تھی۔ یہ اقدامات، حکومتی کارکردگی کے محکمے، DOGE کی جانب سے کیے جا رہے ہیں، جس کی قیادت شروعات میں ارب پتی ایلون مسک کر رہے تھے۔ تازہ فیصلے سے ملازمین کو ملازمت سے نکالنے کی اجازت مل گئی ہے جبکہ قانونی چیلنجز برقرار رہیں گے۔

DOGE کی جانب سے اپریل 2025 تک 2 لاکھ 60 ہزار سے زیادہ ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ کردیا گیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ امریکی سپریم کورٹ نے صدر ٹرمپ کے متعدد حالیہ فیصلوں کی حمایت کی ہے۔ x

**Business**

امریکہ کی ٹیرف پالیسیوں کی وجہ سے جاری غیر یقینی صورتحال کے دوران بھارتی شیئر بازار میں آج لوگوں نے محتاط انداز میں کاروبار کیا۔ سینسیکس میں 176 پوائنٹس کی گراوٹ آئی اور یہ 83 ہزار 536 پر بند ہوا۔ دوسری طرف نفٹی میں 46 پوائنٹس کی کمی آئی اور 25 ہزار 476 پر بند ہوا۔

غیرملکی زر مبادلہ کے بازار میں روپیہ میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور یہ 85 روپے 67 پیسے فی ڈالر رہا۔

اب سے کچھ دیر پہلے 24 Karat سونے کی قیمت 96 ہزار 240 فی 10 گرام جبکہ چاندی کی قیمت ایک لاکھ 7 ہزار 790 روپے فی کلو گرام تھی۔

آخری خبریں ملنے تک Brent Crude کی قیمت 70 ڈالر 12 cents فی بیرل جبکہ WTI Crude کی قیمت 68 ڈالر اور 41 cents فی بیرل تھی۔ x

**IMD**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے تین دن کے دوران مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور ودربھ میں گرج چمک کے ساتھ شدید ابرش کی پیشگوئی کی ہے اور اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ 15 جولائی تک ملک کے شمالی اور مشرقی حصوں میں شدید سے اوسط بارش کا امکان ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں کل شدید بارش ہوسکتی ہے۔

دلّی اور این سی آر میں آج شدید ابرش ہوئی۔ اس سے یہاں کو گرمی راحت ملی۔ x

**Women Cricket**

بھارتی خواتین ٹیم انگلینڈ کے خلاف برطانیہ کے مانچسٹر کے Old Troppord میدان پر آج رات ٹی ٹوئنٹی سیریز کو جیت کے ساتھ ختم کرنے کی کوشش کرے گی۔ میچ رات 11 بجے شروع ہوگا۔ نیلے رنگ میں خواتین کو دو-ایک سے سبقت حاصل ہے۔ اس کے باوجود انگلینڈ پچھلے میچ میں پانچ رن سے جیت کر اپنا کھاتہ کھولا تھا۔ x

**Wimboldon**

ومبلڈن میں مختلف کوارٹر فائنل آج شام لندن کے all England Club میں ہوں گے۔ خواتین کے سنگلز میں Iga Swiatek پہلی بار ومبلڈن کے سیمی فائنل میں پہنچی، جس میں 19 ویں سیڈیڈ یافتہ Lindmila Sam Sohora کو 6-2 ، 7-5 سے شکست دی۔

پولینڈ کی آٹھویں سیڈ کا ہفتہ کو فائنل میں جگہ کے لیے روسی Mirra Andreeva سے مقابلہ ہوگا۔ x

**Texas Flood**

امریکہ میں، ٹیکساس میں آنے والے تباہ کن سیلاب میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد کم سے کم 109 ہو گئی ہے، جبکہ 160 سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ اس کے ساتھ ہی Guadalupe دریا سے متصل علاقوں میں بچاؤ کی کارروائیاں اب بھی جاری ہے۔ ٹیکساس کے گورنر Greg Abbott نے کہا کہ تباہ کن سیلاب کے بعد سے کم از کم 161 افراد لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ انھوں نے واضح کیا کہ لاپتہ افراد کو تلاش کرنے کی امید کے ساتھ Guadalupe دریائے نظام کے تمام علاقوں میں تلاشی کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ اُن دوستوں اور رشتہ داروں کے بارے میں معلومات کے ہمراہ مقامی حکام سے رابطہ کریں ، جن کے بارے میں یہ سمجھا جارہا ہے کہ وہ لاپتہ ہیں۔x

**Chhattisgarh Surrender**

چھتیس گڑھ کے دانتے واڑہ ضلع میں 12 ماؤ نوازوں نے آج پولیس کے سامنے خودسپردگی کی۔ پولیس کے ضلع سپرنٹنڈنٹ گورَو رائے نے کہا کہ اِن ماؤ نوازوں میں سے 9 پر 28 لاکھ روپے کا مجموعی انعام تھا۔

SB- Gaurav Rai, Superintendent of Police

ہتھیار ڈالنے والے ماؤ نوازوں کو، ریاستی سرکار کی نئی بازآبادکاری کی پالیسی کے تحت دیگر سہولیات کے ساتھ 50-50 ہزار روپے کی رقم فراہم کی جائے گی۔ x

**Rana Judicail Custody Extend**

دلی کی ایک عدالت نے آج 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے سرغنہ تہور رانا کی عدالتی تحویل میں 31 اگست تک توسیع کردی ہے۔ یہ پیش رفت قومی جانچ ایجنسی NIA کی جانب سے رانا کے خلاف ضمنی چارج شیٹ داخل کرنے کے بعد ہوئی ہے۔ x

**MEA Briefing**

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور Namibia کے صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah نے آج کثیر جہتی اداروں کی اصلاحات پر تبادلۂ خیال کیا۔ میٹنگ کے بارے میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے، وزارتِ خارجہ میں اقتصادی امور کے سکریٹری Dammu Ravi نے کہا کہ Namibia دنیا میں پہلا ملک ہے ، جہاں NPCI نے ملک میں UPI جیسے Payment کے نظام کے نفاذ کیلئے سینٹرل بینک کے ساتھ ٹیکنالوجی کا ایک معاہدہ کیا ہے۔

SB - 2100 - MEA Relation - Namibia

☆☆☆☆